# Maulana Azad National Urdu University

Department of Persian & Central Asian Studies

M.A. Semester - IV Examination April-May 2026

Paper Code: **MAPR401DST**

Persian Manuscriptology

**پرچه: مخطوطه شناسی**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔

(1x10=10 Marks)

حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں۔ اس میں طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہیں۔

(6x5=30 Marks)

حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہیں۔

(3x10=30 Marks)

## حصہ اول

سوال ا۔

(i) مخطوطہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

(1) سنگ نوشتہ (2) نسخہ خطی (3) فارسی باستانی (4) زبانِ اوستائی

(ii) کتابت کی اطلاعات جو نسخۂ خطی کے آخر میں لکھا ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) دست خط (2) عنوان (3) ترقیمہ (4) رکابہ

(iii) فارسی کا اولین رسم الخط کون سا تھا؟

(1) خط نسخ (2) خط تعلیق (3) خط پہلوی (4) خط میخی

(iv) طرز پہلوی کہ جس میں سامی الفاظ لکھے اور فارسی میں پڑھے جاتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) ہزوارش (2) پرتو(3) گشت دبیرہ(4)پاژند

(v) داریوش اعظم کس عہد میں ایران کا بادشاہ تھا؟

(1) سامانی (2)ساسانی (3) ھخامنشی(4) گورکانی

(vi)صحیفہ خوشنویسان کے مولف کون ہیں؟

(1) ڈاکٹراشرف مغل (2)پروفیسر عزیزبانو (3) (زیب حیدر (4)مولوی اختر الدین

(vii)' مغل ڈاکیومنٹس کے مصنف کون ہیں؟

1۔ (شافع قدوائی) 2۔ (ڈاکٹر داؤد اشرف) 3۔ (ڈاکٹر زیب حیدر) 4۔(میر علی تبریزی)

(viii)قدیم مصر میں کاغذ بنانے کے لیے کس پودے کا استعمال کیا جاتا تھا۔

1)۔ تاڑ 2)۔ بانس 3) ۔ تڈاپتر 4)۔ سپاپرس

(ix)قران کریم کی کتابت کس خط میں کی جاتی ہے؟

1۔خط طغرا--------- 2۔خط بہار-----3۔ خط نستعلیق 4۔------ خط نسخ

(x)مولانا آزاد لائبریری کہاں واقع ہے؟

1۔ حیدر آباد 2۔ علیگڑھ 3۔رام پور 4۔ لکھنؤ

## حصہ دوم

(2)نسخہ خطی سے کیا مراد ہے؟ مخطوطہ شناسی کی ادبی اہمیت واضح کیجئے۔

(3) قدیم مصری تمدن میں سامان تحریر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے

(4)خط نسخ کا تعارف پیش کیجیے۔

(5)ماحول کی حرارت اور رطوبت مخطوطات پر کس طرح مضر اثرات ڈالتے ہیں؟ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

(6) مخطوطہ کی کیفیت کا اندراج کس طرح کیا جاتا ہے۔

(7)خط نستعلیق کی خصوصیت بیان کرتے ہوئے اس پر ایک مختصر نوٹ تحریر فرمایئے ۔

(8) مخطوطے کے تحفظ کے بارے میں اپنی اطلاعات تحریر کریں۔

9۔ Papyrus کیا ہے؟ اسکے پودے سے کس طرح مصر کے قدیم لوگ کاغذ بناتے تھے؟

## حصہ سوم

(10) مصر اور ہندستان کے قدیم تمدنوں میں لوازم تحریر کی ایجاد، ابتداء اور ارتقاء سے متعلق تفصیلی مضمون لکھئے۔

(11) فارسی رسم الخط کی ابتداء اور ارتقاء سے متعلق سیر حاصل بحث کیجئے۔ اور آرائشی خطوط کی نمایاں خصوصیات پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(12) وضاحتی فہرست تیار کرنے میں کن امور کو ملحوظ رکھنا چاہیے؟ مثالوں کے ذریعہ واضح کیجئے۔

(13) مخطوطہ شناسی ہماری تہذیبی اور ادبی میراث تحفظ کے لئے بہت اہم علم ہے۔ کیوں؟

(14) مندرجہ ذیل کسی دو عنوانات پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(1) نسخہ پشتیبان (2) ترقیمہ (3) رکابہ (4) کرم خوردہ